عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز اتوار 18 اکتوبر 2026ء/ 06 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 200

مشترکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے اپنے عزم پر قائم ہیں

ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان کی امن کی کوششوں کو کمزوری نہ سمجھا جائے، مئی 2025 کا جواب یاد رکھا جائے، پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کے لیے پوری طرح تیار ہے اور کسی بھی جارحیت کا موثر جواب دے گا،

بھارت جارحانہ طرزِ عمل اور خطرناک بیان بازی ترک کرکے خطے میں پائیدار امن کے لیے ذمہ دارانہ کردار ادا کرے، بھارتی وزیر دفاع کے بیان سے بھارت کی نام نہاد بالادستی کی سوچ ظاہر ہوتی ہے، سجاد حیدر خان کی ہفتہ وار نیوز بریفنگ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ سعودی عرب کے حقِ دفاع کی مکمل حمایت کرتا ہے، اور بھارت کو بھی خبردار کیا ہے کہ پاکستان کی امن کی کوششوں کو کمزوری نہ سمجھا جائے اور مئی 2025 کا جواب یاد رکھا جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے جمعہ کو ہفتہ وار نیوز بریفنگ کے دوران کہا کہ پاکستان سعودی عرب پر ہونے والے حملوں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مولانا ہدایت الرحمٰن کا محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش

سرکاری دفاتر میں ایم پی ایز اور عوام خوار ہو رہے ہیں، گوادر کے اسکول کو اپ گریڈ کرنے میں 5 سال لگ گئے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس کے دوران حق دو تحریک کے قائد اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کی جانب سے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایس اینڈ جی اے ڈی) کے حوالے سے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

گزشتہ 2 سال میں کل 43 لاکھ غیر ملکی سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا

2024 میں 21 لاکھ سے زائد، 2025 میں 22 لاکھ بین الاقوامی سیاح شامل تھے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں سیاحوں کی آمد کے حوالے سے تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردی گئیں۔ قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غلام مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت شروع ہوا، جس میں وقفہ سوالات کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

اسماجنگ کے ساتھ ہونے والے ظلم پر پورا بلوچستان شرمندہ ہے، علی مدد جتک

ظالم سرداروں اور نوابوں کی نجی جیلیں ہیں، ہم مظلوم کے ساتھ کھڑے رہیں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں صوبائی وزیر (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ جدوجہد کا اعلان

تمام سیاسی جماعتوں کو اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہونا چاہیے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے خاتمے کا مطالبہ کرنا چاہیے، محمود خان اچکزئی

4 کروڑ لوگوں کی حکومت کو گرا کر خیبر پختونخوا کے ساتھ ظلم کیا گیا، یہ ظلم ہوا، بندوق اور پیسے کے زور پر اقتدار پر قبضہ کیا گیا، مشترکہ پریس کانفرنس

پشاور (جی این ایم) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو غیر آئینی اور غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اسے نہ صرف پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے بلکہ اس کے خلاف احتجاج کرنے کا اعلان بھی کیا ہے۔ قومی اسمبلی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اسماجنگ اور لائبہ ستار کیسز کے ملزمان بااثر ہوں قانون کی گرفت میں لائیں گے، وزیر داخلہ بلوچستان

خواتین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا لائبہ ستار کیس میں نامزد دو ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں، میر ضیا اللہ لانگو

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں خواتین کے تحفظ اور حقوق کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اسماجنگ اور لائبہ ستار کیسز (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

بلوچستان میں پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کا معاہدہ

بلوچستان کی وسیع ساحلی پٹی معاشی ترقی، آبی زراعت اور برآمدات کے فروغ کے لیے نمایاں امکانات رکھتی ہے

ڈام جھینگا فارمنگ منصوبے میں 100 فیصد ملازمتیں مقامی افراد کو دینے کا عزم، وزیر اعلیٰ بلوچستان، میر سرفراز بگٹی



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، بورڈ آف انویسٹمنٹ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ کی موجودگی میں صوبے کے پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کے سمجھوتے کی دستاویزات پر دستخط کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان اور ہاؤس آف کاسب کنسورشیم کے مابین ڈام میں بلوچستان کے پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کے قیام کے لیے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کاوشوں سے طے پانے والے اس معاہدے کو (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پشاور میں پولیس پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ پسپا، کانسٹیبل شہید

پولیس کی جوابی کارروائی میں متعدد دہشتگرد فرار، متعدد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں، سی سی پی او پشاور

پشاور (جی این ایم) پشاور میں پولیس نے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی جانب سے حسن خیل کی پولیس پوسٹ پر حملہ پسپا کردیا جس میں ایک کانسٹیبل شہید ہوگیا۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق گزشتہ رات حسن خیل کی پولیس پوسٹ سپین میلہ پر دہشتگردوں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

پاکستان اور سعودی عرب علاقائی امن و سلامتی کیلئے پرعزم ہیں

وزیر اعظم

مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا، وسیع کرنے کیلئے موجودہ ادارہ جاتی مکینزم کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقمی کی ملاقات



کوئٹہ، اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات ہونے والے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے سعودی عرب کے ساتھ باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقمی نے جمعہ کو حیثیت رکھتے ہیں، دونوں معاہدے علاقائی امن و سلامتی کیلئے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقمی نے جمعہ کو ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے پاکستان آمد اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر ڈاکٹر راجح تامی البقمی کو مبارکباد دی اور سعودی سفیر کی سفارتی ذمہ داریوں میں کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے پاکستان کی جانب سے مکمل حمایت اور تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا حالیہ برسوں میں پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے، مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا، وسیع کرنے کے لئے موجودہ ادارہ جاتی مکینزم کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

پاکستانی زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 21.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئے، محمد اورنگزیب

وزیر خزانہ کی گورنر اسٹیٹ بینک کے ہمراہ امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکریٹری بین الاقوامی امور، ایرن بران سے ملاقات

علاقائی تنازع کے توانائی، مہنگائی اور غذائی تحفظ پر اثرات اور رسد برقرار رکھنے کے لئے تیاریوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ہمراہ امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکریٹری برائے بین الاقوامی امور، ایرن بران سے ملاقات کی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پاکستان کی جانب سے ستمبر میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈ کے اجرا کو اجاگر کرتے ہوئے سکوک، پانڈا بانڈز اور دیگر مالیاتی ذرائع کے ذریعے مالی وسائل کے حصول میں تنوع پیدا کرنے کے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)



اسلام آباد: سینیٹ کے چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی دیگر شخصیات کے ہمراہ یوم جرمن اتحاد کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ

واشنگٹن (جی این ایم) تیل بردار جہازوں پر پابندیاں نرم کرنے کے ممکنہ امریکی اقدامات کے پیش نظر سرمایہ کاروں کی محتاط حکمت عملی کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ایم پی اے ہاسٹل میں غیر متعلقہ افراد کی رہائش اور نان کسٹم پیڈ گاڑیاں کھڑی ہونے کا انکشاف

اسپیکر ایم پی اے ہاسٹل کا سرپرائز دورہ کریں، رکن اسمبلی اشوک کمار

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکن صوبائی اسمبلی اشوک کمار نے ایم پی اے ہاسٹل کی صورتحال کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرواتے ہوئے اسپیکر سے ہاسٹل کے سرپرائز دورے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایوان میں نقطہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے رکن اسمبلی اشوک کمار نے انکشاف کیا کہ ایم پی اے ہاسٹل میں منتخب اراکین اسمبلی کے بجائے دیگر غیر متعلقہ افراد کمروں پر قابض اور مقیم ہیں۔ انہوں نے مزید نشاندہی کی کہ ہاسٹل کے احاطے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ہم جنگ پسند نہیں، لیکن ہر جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیں گے، ایران

ایران ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کا خواہاں رہا ہے، نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی

تہران (جی این ایم) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ ایران جنگ کا خواہاں نہیں تاہم اس کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر جاری تنازع مزید شدت اختیار کرتا ہے تو اس کے اثرات (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پی ٹی آئی پر پابندی سے متعلق حتمی رائے دینا قبل از وقت ہے، عطا تارڑ


خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کی تمام تر توجہ صوبے میں عوامی خدمات کی فراہمی اور سروس ڈیلیوری بہتر بنانے پر ہے

یہ قابلِ قبول نہیں کہ صوبے میں لوگ دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہوتے رہیں اور صوبائی حکومت مذمت تک نہ کرے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پر پابندی سے متعلق حتمی رائے دینا قبل از وقت ہوگا، سہیل آفریدی کے خلاف کارروائی سے متعلق فیصلہ اس وقت صوبے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

امریکا کو ایران کیخلاف مظالم پر سزا ملنی چاہیے، باقر قالیباف

تہران (جی این ایم) ایرانی پارلیمانی اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا کو ایران کے خلاف کیے گئے مظالم پر سزا ملنی (باقی صفحہ 2 نمبر 32)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اقوام متحدہ کا ذیلی ادارہ وڈ ڈائیجسٹ ایمرجنسی آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، محسن نقوی

سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے

یہ وہی سیاستدان ہیں جو اپنی سیاسی جماعت کے ہوائی ٹکٹ بھی اسٹیبلشمنٹ سے بنواتے تھے، وفاقی وزیر داخلہ

لاہور (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، ایسے سیاستدانوں کو دوسروں پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا جو ماضی میں کئی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے۔ لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ یہ وہی سیاستدان ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ڈسٹرکٹ زیارت پولیس میں بھرتیوں کا عمل جاری، قد و چھاتی کی پیمائش میں 77 امیدوار کامیاب

98 امیدواروں نے پہلے مرحلے میں کاغذات جمع کرائے، اگلے مرحلے میں دوڑ اور تحریری امتحان ہوگا، ترجمان بلوچستان پولیس

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان پولیس میں بھرتیوں کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ زیارت میں بھرتی کا عمل جاری ہے، پہلے مرحلے میں 98 امیدواروں نے اپنے کاغذات جمع کرائے، جن کی جانچ پڑتال کے بعد دوسرے مرحلے میں قد و چھاتی کی پیمائش کا عمل مکمل کیا گیا، جس میں 77 امیدوار کامیاب قرار پائے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق ایڈیشنل آئی جی پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

کوئٹہ میں پانی کا بحران شدید تر، ٹینکرز مافیا غریب عوام کو لوٹ رہے ہیں، زرک خان مندوخیل

اگر ہم عوام کو پانی اور بنیادی سہولیات نہیں دے سکتے تو ایوان میں بیٹھنے کا کوئی جواز نہیں ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پانی کی شدید قلت اور ٹینکرز مافیا کی من مانیوں پر رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے سخت احتجاج اور شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کہا کہ کوئٹہ میں پینے کے پانی کا مسئلہ انتہائی سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کے حلقے میں ٹینکرز مافیا سرگرم ہے اور غریب و بے بس شہریوں کو دونوں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



اسلام آباد: وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے سعودی عرب کے نئے تعینات ہونے والے سفیر ڈاکٹر راجح طمی البقمی ملاقات کر رہے ہیں

ضلع پشین میں زیر زمین پانی کی سطح گرنے پر تشویش، ایمرجنسی اقدامات اور ڈیمز کی تعمیر کی قرارداد پیش

سپلائی سسٹم سے زیر زمین پانی تباہ کر دیا، وفاقی ڈیموں کے لیے فنڈز کی فراہمی یقینی بنائے، ایوان میں اپوزیشن اور وزرا کا اظہار خیال

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ضلع پشین سمیت صوبے بھر میں زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی سطح اور آبی بحران کے حوالے سے ایک اہم قرارداد پیش کی گئی، جس پر اپوزیشن اور سرکاری بینچوں کے ارکان نے شدید تشویش کا اظہار کیا۔ قرارداد اپوزیشن رکن اسمبلی سید ظفر آغا نے ایوان میں پیش کی، جس کا متن پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع پشین (باقی صفحہ 2 نمبر 12)


عمران خان کی رہائی کے لیے تحریک انصاف کو خود مذاکرات کی قیادت کرنا ہوگی، علی محمد خان

محمود خان اچکزئی اگر وزیر اعظم کی دعوت پر بیٹھ جاتے تو بانی اور بشریٰ بی بی کو اڈیالہ کی گرمی نہ گزارنی پڑتی، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی علی محمد خان نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی کے لیے اب تحریک انصاف کو خود مذاکرات کی قیادت کرنا ہوگی، اگر پارٹی قیادت نے رہائی کے لیے سنجیدہ کوشش نہ کی تو وہ اپنے طور پر آئندہ کا لائحہ عمل اختیار کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی محمد خان نے کہا کہ اگر جون میں شہباز شریف کی دعوت پر محمود خان اچکزئی مذاکرات کی میز پر بیٹھ جاتے تو ممکن تھا کہ معاملات آگے بڑھتے اور عمران خان (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

آپ کے وزیراعظم
ہر مشکل میں آپ کے ساتھ



وزیراعظم خصوصی ریلیف اسکیم کا نیا ریکارڈ
*1 کروڑ 19 لاکھ سے زائد شہریوں کی جانب سے
3 کروڑ سے زائد فیول ریلیف ٹوکنز استعمال کیے جاچکے ہیں
1 کروڑ 25 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن مکمل

عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے باوجود
الحمدللہ!
وزیراعظم
خصوصی ریلیف
اسکیم کامیابی سے جاری

☑ موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت جاری
☑ 800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر کی بچت جاری

رجسٹریشن کا طریقہ کار
REG لکھ کر Space دیں
STEP 01
اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر 3740515196983 لکھنے کے بعد Space دیں
STEP 02
بغیر Space نمبر پلیٹ LHR123 ایسے لکھنے کے بعد Space دیں
STEP 03
صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد Space دیں
STEP 04
ویہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY دن، مہینہ اور سال اس طرح لکھیں: 08102010
چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار
STEP 01
رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02
موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی
STEP 03
ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں



صوبے کے نام کا پہلا حرف
☑ اسلام آباد I ☑ پنجاب P ☑ سندھ S ☑ خیبر پختونخوا K
☑ گلگت بلتستان G ☑ آزاد جموں و کشمیر A ☑ بلوچستان B

اپنی رجسٹریشن مکمل کروائیں
بر بقتے
فیول ریلیف
سے فائدہ اٹھائیں

مزید رہنمائی کیلئے
www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں
یا QR کوڈ اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan | www.mojb.gov.pk

PID (I) 3566-D/26
*18 اکتوبر تک کے اعداد و شمار کے مطابق

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد عرفان
BD/721/353
ایڈیٹر: اسرار محمد کمبڑان

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کمبڑان نے الکریم پرنٹنگ پریس بلیل بائغ نزد چلڈرن اسپتال کوارٹری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم این جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823947, 03332786582
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

ڈپلومیٹک پریشر

ڈپلومیٹک پریشر اندرونی ہو یا بیرونی، جو کہ ملکی مفادات اور ملکی سلامتی کو ٹوٹ ظاہر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

پاکستان موجودہ وقت میں کئی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے اس میں ملک کی اندرونی صورتحال

میڈیا پر پروپیگنڈہ

سیاسی عدم استحکام

دہشت گردی اور ان کی بیرونی سہولت کاری

کرپشن

سیاسی عدم استحکام

اور دیگر کے عوامل چیلنج کی صورت میں کھڑے نظر آتے ہے۔

جب بھارت پاکستان پر جارحیت کر چکا تو پھر پاکستان کو جواب دینے سے روکنے کے لیے ڈپلومیٹک پریشر اندرونی اور بیرونی کے لیے کہ دوست ممالک نے اپنا اثر و رسوخ استعمال کیا۔لیکن بھارت کو جواب دینا ضروری ہو گیا تھا اور ایسا جواب دیا گیا کہ 10 م پاکستان کی فتح کی تاریخ بن گے۔

از قلم /// غلام رسول بلوچ

پاکستان میں دہشت گردی اور پراکسیز کے پیچھے بھارت اور اس کے ہمنوا ممالک ہیں جو براہ راست جنگ سے کتراتے ہیں اور پاکستان میں دہشت گرد گروپوں کی فنڈنگ اور سہولت کاری کے ذریعے پاکستان کی قومی اور عسکری املاک پر حملہ آور ہیں۔ بلوچستان میں بھی اور کے پی کے میں قتدا الہند مارشل لاء قتدا الخوارج کی شکل میں بڑے پیمانے پر دہشت گردی جاری ہے جس میں پاکستانیوں کی شہادتیں اور افواج پاکستان و سیکورٹی اداروں کی قربانیاں و شہادتیں ہو رہی ہیں۔دشمن حربوں اور سازشوں کے خلاف قوم کے تعاون سے دہشت گردی کے خلاف ایک طویل اور مشکل جنگ جاری ہے جس میں کامیابی کے لیے پاکستانی قوم اور افواج پاکستان پرعزم ہیں۔

بہت سارے ایسے اقدامات اور پروقت فیصلے ہیں جنہیں لینے کے لیے ملکی سلامتی کے مفاد میں ضروری ہوتا ہے لیکن بدقسمتی سے پاکستان کی کچھ سیاسی جماعتیں ڈپلومیٹک پریشر بنانے کی کوشش کرتی ہیں جس کے نتیجے میں شرپسند عناصر اور دشمن قوتوں کو اپنا گھناؤنا کھیل کھیلنے کا موقع مل جاتا ہے۔ دانستہ اور نادانستہ طور پر دشمن بیانیے اور پروپیگنڈے کا کسی حد تک حصہ بن جاتے ہیں جس سے دشمن قوتوں کو متحرک ہونے کا موقع ملتا ہے۔

قوم کے تعاون سے دہشت گردی کے خلاف ایک طویل اور مشکل جنگ جاری ہے جس میں کامیابی کے لیے پاکستانی قوم اور افواج پاکستان پرعزم ہیں۔

آج پاکستان کو قوم کی ضرورت ہے اور قوم کو روشن پاکستان کی ضرورت ہے۔

پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوششیں کرنے والے تا کام و نامراد ہوں گے انشاء اللہ

پاکستان سفارتی طور پر کامیابیاں سمیٹ رہا ہے اور بھارت کی پاکستان کو تنہا کرنے کی کوششیں ناکام ہوئی نظر آرہی ہیں

پاکستان کی معیشت اور بیرونی سرمایہ کاری کا سامنا کر رہی ہے اور اس ابھرتی ہوئی معیشت کو سیاسی عدم استحکام سے کمزور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

پروپیگنڈہ کی جنگ میں امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

پاکستان کو اس وقت سیاسی استحکام کی ضرورت ہے۔

پاکستان کو دہشت گردی اور پراکسیز کے ذریعے کمزور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

پاکستان کو اس وقت سیاسی استحکام کی ضرورت

(01)

مطابق سال 2024ء میں 45ہزار 830اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرون ملک گئے اور سال 2025ء میں 28ہزار 726اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانیوں نے بیرون ملک روزگار حاصل کیا جب کہ سال 2026ء میں اب تک 15ہزار 850 اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرون ملک گئے۔ بیرون ملک جانے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، آئی ٹی پروفیشنز اور بہارین شعبہ جات شامل ہیں۔ وستاویز کے مطابق سال 2024ء میں 23ہزار674، سال 2025ء میں 9ہزار 562نجرز بیرون ملک گئے، 2026ء میں 3ہزار 190بیرون ملک روزگار کے لئے گئے، سال 2024ء میں 8ہزار 15، سال 2025ء میں 5ہزار 945انجینئرز بیرون ملک روزگار حاصل کیا جب کہ 2026ء میں 3 ہزار 605انجینئرز بیرون ملک گئے۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ 2024ء میں 8ہزار 779، سال 2025ء میں 4ہزار 305اکاؤنٹنٹ بیرون ملک گئے، 2026ء میں ایک ہزار 771اکاؤنٹ بیرون ملک روزگار کے لئے گئے۔ 2024ء میں 3 ہزار 625، سال 2025ء میں 3ہزار 795 ڈاکٹرز بیرون ملک گئے جب کہ سال 2026ء میں 2ہزار 93ڈاکٹرز بیرون ملک گئے۔ دستاویز کے مطابق 2024ء میں ایک ہزار 729، سال 2025ء میں ایک ہزار 725اور 2026ء میں ایک ہزار 457اساتذہ بیرون ملک گئے۔

(02)

صوابی 6فٹ کا مرد 48منٹ پر پہلی امریکی کال موصول ہوئی، جس پر کنٹرول روم نے ابتدائی طور پر 2ایمبولینسز جامع ڈوجع کی طرف روانہ کیں۔ ریورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایمرجینسی 5 منٹ کے اندر اندر جائے وقوع پہنچی، تاہم حادثے کی شدید نوعیت معلوم ہونے پر مزید 2ایمبولینسز اور 100اہلکار بھجوائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق جائے وقوع سے بھوبی طور پر 56 متاثرین کو ریسکیو کیا گیا، ریسکیو ٹیموں نے ملبے سے دو زخمیوں کو موری طور پر لیڈی ریڈنگ اسپتال منتقل کیا۔

(03)

کوئٹہ 6ج کار 48منٹ پر پہلی امریکی کال موصول ہوئی، جس پر کنٹرول روم نے ابتدائی طور پر 2ایمبولینسز جامع ڈوجع کی طرف روانہ کیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایمرجینسی 5 منٹ کے اندر جائے وقوع پہنچی، تاہم حادثے کی شدید نوعیت معلوم ہونے پر مزید 2ایمبولینسز اور 100اہلکار بھجوائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق جائے وقوع سے بھوبی طور پر 56 متاثرین کو ریسکیو کیا گیا، ریسکیو ٹیموں نے ملبے سے دو زخمیوں کو موری طور پر لیڈی ریڈنگ اسپتال منتقل کیا۔

(04)

حاصل کرنے کوشش کررہے ہیں اس سلسلے میں بی یو فوری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ پی یو سی ایچ کے افسران میں ناجزہ ظہور حامد کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولس کی جانب سے ملزم سے مزید تفتیش کا سلسلہ جاری ہے۔

(05)

انتظامیہ کے ایک سینئر عہدے دار اور خاران پولس نے ایک افسر نے غیر ملکی شہریوں کے ساتھ کڑے تعاون کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم کسی کمپنی یا فرد کے خلاف نہیں ہیں۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ ہر شخص قانون کے دائرے میں رہ کر کام کرے۔ ہمارے ضلع میں کئی برسوں سے یہ مسئلہ چلا آرہا ہے کہ کچھ غیر ملکی کمپنیاں اور افراد مقامی قوانین کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنی مرضی سے کام کرتے رہے ہیں، جس کی وجہ سے مقامی لوگوں میں بے چینی پائی جاتی ہے۔ ہم نے ان کمپنیوں کو بارہا یہ موقع دیا کہ وہ اپنے معاملات کو قانونی طریقے سے حل کریں، لیکن بدقسمتی سے ان کی جانب سے کوئی سنجیدہ کوشش سامنے نہیں آئی۔ اب ہمارے پاس کوئی اور راستہ نہیں بچا تھا، اس لیے ہم نے یہ قدم اٹھایا۔

(06)

میں پیش آیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ پی یو سی ایچ کے افسران کو موقع پر طلب کیا، جنہوں نے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولس کی جانب سے ملزم سے مزید تفتیش کا سلسلہ جاری ہے۔

(07)

ہیں۔ ملزمان کی 190 جائیدادیں کو گرفتار کرکے شہریوں سے لوٹی گئی 61 کروڑ 55لاکھ کی 50 شہریوں کے رکھوری میں واپس کی گئی۔ ڈائریکٹر شاہد نذیر بخاری نے کہا ہے کہ اسلام آباد زون شہریوں کو بیرون ملک ملازمت اور سٹرکچ کے نام پر فراڈ سے بچانے اور انسانی اسمگلنگ روکنے کے لیے سرگرم ہے۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ ویزا ایجنٹ سے معاملہ کرتے وقت ضروری تصدیق لازمی کریں اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی صورت میں حکام کو فوری اطلاع دیں۔

(08)

(09)

(10)

(11)

(12)

(13)

(14)

(15)

(16)

(17)

(18)

(19)

(20)

(21)

(22)

(23)

(24)

(25)

(26)

(27)

(28)

(29)

(30)

(31)

(32)

(33)

(34)

(35)

(36)

(37)

(38)

(39)

(40)

(41)

(42)

(43)

(44)

(45)

(46)

(47)

(48)

لکی مروت: فورسز کا مشترکہ آپریشن، کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ ہلاک

خاک دہشت گرد کے اگلے اہداف کوہاٹ میں پی ایف ایف ایٹ اپ اور پولیس ٹریننگ اسکول تھے

پشاور (بی این ایم) خیبر پختونخوا پولیس نے کہا ہے کہ لکی مروت میں مشترکہ آپریشن میں کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ دہشت گرد خوارجی زاہد گل مارا گیا۔ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے ایف آر لکی مروت اور سکیورٹی فورسز نے ایف آر لکی مروت میں مشترکہ آپریشن میں کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ دہشت گرد خوارجی زاہد گل مارا گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء اللہ لانگو کا قلات میں لائبہ ستار کے مبینہ اغوا کا نوٹس

لائبہ ستار کے مبینہ اغوا پر متعلقہ حکام کو ہدایات جاری، 24 گھنٹوں میں رپورٹ طلب

کوئٹہ (بی این ایم) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قلات میں لائبہ ستار کے مبینہ اغوا کا نوٹس لیتے ہوئے ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ سے واقعے کی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ واقعے کی تفصیلی رپورٹ 24 گھنٹوں کے اندر پیش کی جائے۔ وزیر داخلہ بلوچستان نے ڈی آئی جی پولیس قلات ڈویژن، ڈپٹی کمشنر قلات اور ایس ایچ او تھانہ قلات سے بھی واقعے کی رپورٹ طلب کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو (باقی صفحہ 3 نمبر 10)



کوئٹہ: وزیر داخلہ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سوبیائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے تعلیمی اداروں کا فوری معائنہ کرایا جائے، سیف الرحمٰن

نشہ ساز سکولوں کی غارتی طلبہ اور اساتذہ کی جانوں کے لیے خطرہ بن چکی ہیں، میر داؤد مینگل رائٹس کمیشن آف پاکستان

کوئٹہ (اے این این) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے سربراہ سیف الرحمن تارن نے پشاور میں مبینہ دہشت گردی کے واقعے سمیت مختلف واقعات میں 36 سے زائد بچوں (باقی صفحہ 3 نمبر 47)

میر قمبر مینگل کے گھر پر حملے پر ایوان میں شدید احتجاج، وزیر داخلہ میر فراز بگٹی اور جعفر ایکسپریس پر حملے کی مذمت

دہشت گردوں کا بلوچیت اور روایات سے کوئی تعلق نہیں، تعلیمی اداروں کی غارتی کے آؤٹ کی ولایت، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (بی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی میر جعفر خان مینگل اور وزیر داخلہ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر قمبر مینگل کے گھر پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے رکن اسمبلی میر جعفر خان مینگل نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 46)

پی ٹی آئی دہشتگردی کی حامی نہیں، جنگ میں فوج کے ساتھ ہیں، شوکت یوسفزئی

ایمرجنسی خافذ کرکے پوری جماعت پر دہشت گردوں کی حمایت کا الزام عائد کرنا غلط ہے، گفتگو

پشاور (بی این ایم) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف دہشتگردی کو سپورٹ نہیں کرتی، ہم اس جنگ میں فوج کے ساتھ ہیں۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ ان کی جماعت نے بیشمار دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور اس کے خلاف (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

پشاور، سکول حادثے کا مقدمہ درج، مالکان اور ٹھیکیدار نامزد

پانچ بچے تمام بچوں کی شناخت مکمل، تمام متبنیٰ کو ورثا کے حوالے کردیا گیا، ترجمان لیڈی ریڈنگ ہسپتال

پشاور (بی این ایم) پشاور کے علاقے دیر کالونی میں سکول کی چھتیں گرنے کے المناک حادثے کا مقدمہ تھانہ آغا میر باغی شاہ میں درج کرلیا گیا جبکہ سانحے کی تفتیش کرنے والی ٹیمیں رکن تحقیقاتی کمیٹی نے بچوں اور ایک خاتون ٹیچر کے جاں بحق ہونے کی اطلاع دے دی، جبکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

صحبت پور، نامعلوم مسلح افراد گھر میں گھس کر موٹر سائیکل و سامان لوٹ کر فرار

پولیس کی عدم توجہی سے تزام کی شرمیں اضافہ، آئی جی بلوچستان اور ڈی آئی جی نوشکی، الیمان علاقہ کا مطالبہ

صحبت پور (بی این ایم) صحبت پور کی گنجان آباد مطلق تھانہ جیانی کی حدود کے گاؤں جہان میں گھوسو کے رہائشی محمد آصف کھوسو کے گھر میں رات کے اندھیرے میں نامعلوم افراد داخل ہوئے، اسلحہ کی نوک پر گھر کے افراد کو یرغمال بنا کر جدید ہتھیار اور موٹر سائیکل لوٹ کر فرار ہوگئے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 41)



ڈپٹی کمشنرات انجینئر ناظیر زہری ایس ڈی آئی ایکسیلنٹ کا معائنہ کر رہی ہیں

ڈالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش ناکام، فائرنگ کے تبادلے میں دو ملزمان ڈھیر، پولیس اہلکار زخمی

پولیس اور ایف سی کا ڈھیچا تک کے قریب ملزمان سے مقابلہ، زخمی کانسٹیبل جان محمد کی حالت مستحکم

ڈالبندین (بی این ایم) ڈالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش ناکام بنانے کے دوران پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق دوپہر کو بلاک نمبر 2 میں واقع ایک بینک کے قریب ڈکیت ملزمان کی فائرنگ سے ایک ٹریفک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق دوپہر کو بلاک کردیا، جبکہ ملزمان کی فائرنگ سے ایک ٹریفک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق دوپہر کو پولیس نے ناکہ بندی کی ہوئی تھی کہ اسی دوران موٹر سائیکل پر سوار دو ڈکیت بینک کے قریب پہنچے اور (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ کے مراکز صحت میں عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر جسٹرڈ ادویات اور کیلے ودوے کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (ن ر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ریاست اخلاق احمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ منیجر ڈی ایچ آئی، ڈرگ کنٹرولر عاطر ہی، ادویات (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

خواتین اور بچوں کو متوازن غذائی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، رابعہ بلیدی

بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے کے لیے مشترکہ کوششوں پر زور، ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی

کوئٹہ (ن ر) مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین اور بچوں کو متوازن اور معیاری غذا کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

سپریم کورٹ، پانچ سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کے ملزم کی ضمانت مسترد

5 سالہ بچے سے زیادتی اسکول میں ہوئی، ایسے ملزمان کے ساتھ نرمی نہیں ہونی چاہئے، جسٹس محمد علی مظہر کے ریمارکس

اسلام آباد (بی این ایم) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پانچ سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کے ملزم کی ضمانت مسترد کردی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ پانچ سالہ بچے سے زیادتی اسکول میں ہوئی، یہ کیچھ ہوا، یہ نہیں ہونی چاہئے تھی، ایسے ملزمان کے ساتھ نرمی نہیں ہونی چاہئے، اگر پولیس نے عدم شواہد کا لکھا ہے تو ٹرائل کورٹ کو فیصلہ کرنے دیں۔ وکیل ملزم نے کہا کہ پولیس نے بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)



کوئٹہ: وزیر داخلہ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گرین صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان پولیس کی اے ایس پی سامعہ سلیم خواتین کے عالمی دن پر مثال بن گئیں

کوئٹہ (بی این ایم) کوئٹہ میں بلوچستان پولیس کی خاتون افسر اے ایس پی سامعہ سلیم خواتین کے عالمی دن کے موقع پر دیگر خواتین کیلئے حوصلہ افزا اور عملی مثال بن گئیں۔ اے ایس پی سامعہ سلیم تھانیدار معاشرے میں خواتین کی خدمت اور تحفظ کے لئے عملی طور پر سرگرم عمل ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

ایف آئی اے اسلام آباد زون کا کریک ڈاؤن، 190 ایجنٹس گرفتار

راولپنڈی (بی این ایم) ایف آئی اے اسلام آباد زون نے غیر قانونی ویزا ایجنسیوں اور شہریوں کے دھوکا دہی میں ملوث عناصر کے خلاف 4 کے دوران بھرپور اور سخت کریک ڈاؤن کیا ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون شہزاد یم بخاری کی زیر نگرانی کارروائیوں میں مزید تیزی لا کر شہریوں سے فراڈ کرنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے۔ اسلام آباد، کراچی، لاہور، ملتان، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، سرگودھا، ساہیوال، بہاولپور، سکھر، حیدرآباد، ملتان، ڈیرہ غازی خان